نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر صوبہ میں سبزیوں کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور16اکتوبر2024: تاریخ میں پہلی بار سبزیوں بالخصوص ٹماٹر اور پیاز کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ یہ بات سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے سبزیات کی کاشت سے متعلق زراعت ہاؤس لاہور میں منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ سبزیوں کی کاشت اور پیداوار میں اضافہ کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کے تحت جامع حکمت عملی مرتب کی گئی ہے۔ پائلٹ فیز میں ٹماٹر کی آف سیزن کاشت کیلئے 2 ہزار ایکڑ ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اب تک 1600 ایکڑ رقبہ پر ٹماٹر کی آف سیزن کاشت مکمل کی جا چکی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ آف سیزن کاشت سے مقامی ٹماٹر کی لمبے عرصے کیلئے دستیابی ممکن ہو گی۔ مخصوص اضلاع میں پیاز اور ٹماٹر کے کاشتکاروں کی ترغیب کیلئے گروپس کی تشکیل دیئے گئے ہیں۔ ٹماٹر اور پیاز کے کاشتکاروں کو بیج اور جدید مشینری پر سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔ اس ضمن میں پیاز کی موسمی اور ٹماٹر کی بے موسمی کاشت کیلئے فیلڈ فارمیشنز کو خصوصی ٹاسک سونپ دیا ہے۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ سبزیوں کے کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کے سلسلہ میں جاری سرگرمیوں میں مزید تیزی لائی جائے۔ اس کے علاوہ ٹماٹر کی آف سیزن کاشت بارے مقامی منتخب نمائندوں اور انتظامی افسران کو آگاہ کیا جائے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زراعت اصلاح آبپاشی پنجاب ملک محمد اکرم، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر انجم علی نے شرکت کی

☆☆☆☆